Ali Infoz 03101190027



باب نمبر 1:

## ڈرائنگ کیلئے لوازمات

س1: پیمانہ کس کام کے لیئے استعمال ہوتا ہے؟

جواب: پیمانہ لمبائی اور چوڑائی ناپنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس کی مدد سے ہم سیدھی لکیریں بھی کھینچتے ہیں اس کے کناروں پر درجے لکھے ہوتے ہیں۔ جو لمبائی کے مختلف اکائیوں مثلاً ملی میٹر، سنٹی میٹر، ڈیسی میٹر اور انچ وغیرہ ظاہر کرتے ہیں۔

س2: ڈیوائیڈر سے کیا مراد ہے؟

جواب: یہ خطوط کی لمبائی کا موازنہ کرنے اور ان کو برابر حصوں میں تقسیم کرنے کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے۔

س3: پروٹریکٹر کی تعریف کریں۔

جواب: پروٹریکٹر (Protractor):

یہ انگریزی حرف D کے شکل کا ہوتا ہے۔ یہ زاویوں کی پیمائش کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس کے گول کنارے پر 180 تک درجے لکھے ہوتے ہیں اس کا دوسرا کنارہ بالکل سیدھا ہوتا ہے۔

س4: پرکار کس مقصد کے لئے استعمال ہوتا ہے؟

جواب: پرکار (compass):

پرکار دائرے بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے اس کی مدد سے ہم مختلف سائز کے دائرے بنا سکتے ہیں۔

س5: نصف قطر کسے کہتے ہیں۔

جواب: دائرے کے مرکز سے کنارے تک کا فاصلہ نصف قطر کہلاتا ہے۔

س6: واٹر کلر سے کیا مراد ہے؟ تعریف کریں۔

جواب: واٹر کلر (water colour)

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کی پانی کے ذریعے تیار کیا جاتا ہے۔ واٹر کلر ٹیوب اور ٹکیول کے شکل میں دستیاب ہوتا ہے۔ جس میں مناسب مقدار میں پانی ملا کر پتلا کیا جاسکتا ہے۔ اس کو برش کی مدد سے کاغذ یا کپڑے پر استعمال کیا جاتا ہے۔

س7: چسپاں پٹی یا ٹیپ سے کیا مراد ہے؟

جواب: چسپاں پٹی یا ٹیپ (Paper/Mounting tap):

یہ کاغذ کی پٹی ہوتی ہے جس کی اوپر خشک گوند یا سریش لگا ہوتا ہے۔ استعمال کرتے وقت اسکو گیلا کیا جاتا ہے۔ تاکہ چپک سکے۔ اس کے ذریعے کاغذوں کو اویزاں بھی کیا جاسکتا ہے اور پھٹی ہوئی کاغذوں یا کتابوں کو جوڑا بھی سکتا ہے۔

س8: واٹر کلر کے برش کیسے ہوتے ہیں؟

جواب: واٹر کلر کے برش (Water colour Brush):

یہ برش چھوٹے اور بڑے ہر سائز میں دستیاب ہوتے ہیں۔ یہ گول اور چپٹے دونوں طرح کے ہوتے ہیں۔ چپٹے برش زیادہ سطح کو رنگنے اور گول برش باریک رنگ اور لکیروں کو بنانے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

س9: پوسٹر کلر کی تعریف کریں۔

جواب: پوسٹر کلر چھوٹی بوتلوں میں ملتے ہیں۔ یہ خمیر کی شکل میں ہوتے ہیں۔ اس کو پانی کی مدد سے نرم کیا جاسکتا ہے۔ یہ پوسٹر بنانے کے لیے کپڑوں پر ڈیزائن بنانے کے لیئے استعمال ہوتا ہے۔

س10: خانہ بندی سے کیا مراد ہے؟

جواب: بلاکنگ یا خانہ بندی:

بعض اوقات ایک پیچیدہ ڈرائنگ بناتے ہوئے انفرادی اشکال ان کے درمیان تناسب اور فاصلوں کو صحیح طور پر جانچنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے بلاکنگ یا خانہ بندی کا طریقہ استعمال ہوتا ہے۔

س11: مرکزی نکتہ کیا ہے؟

جواب: مرکزی نکتہ یا دلچسپی فن پارے کا وہ نکتہ یا جگہ ہے جو پہلی نظر میں آپ کی نگاہ کھینچ لیتی ہے۔

س12: کروں کے اقسام کے نام بتائیں۔

جواب: کریون کے دو اقسام ہیں۔

1) روغنی چاک 2) موضی چاک

س13: رنگوں کے فرق سے کیا مراد ہے؟

جواب: رنگوں کے فرق سے مراد یہ ہے کہ جتنا فرق زیادہ ہوگا اتنی ہی وہ چیز نمایاں ہوگی اور ہماری توجہ اپنی طرف مبذول کرائے گی۔

س14: مربع کی تعریف کریں۔

جواب: مربع یکساں پیائش کی چار اضلاع والی بند شکل ہوتی ہے۔ جس کے تمام زاویے 90 درجے کے ہوتے ہیں۔

س15: مربع اور مستطیل میں فرق کیا ہے؟

جواب: مربع کی چار اضلاع کی لمبائی برابر ہوتی ہے جبکہ مستطیل کے بھی چار اضلاع ہوتے ہیں دو لمبے اور دو چھوٹے ہوتے ہیں اور آمنے سامنے متوازی ہوتے ہیں۔

س16: دائرے کی تعریف کریں۔

جواب: دائرہ ایک مسلسل خمدار لکیر ہوتی ہے۔ جس کا ہر ایک نقطہ مرکز سے یکساں فاصلہ پر ہوتا ہے۔ دائرے کے مرکز سے کنارے تک کا فاصلہ نصف قطر کہلاتا ہے۔

دائرے کے لئے پرکار استعمال ہوتا ہے۔

س17: ٹھوس اجسام کے تین مناظر کون کون سے ہیں؟ نام لکھیں۔

جواب: تکنیکی لحاظ سے ٹھوس اجسام کے تین مناظر کا مطالعہ کیا جاسکتا ہے۔

1) سامنے کا منظر 2) اطرافی منظر 3) بالائی منظر

س18: ہم پیائش پرجیکشن کیا ہے؟

جواب: اس قسم کی پروجیکشن میں کسی چیز کی تمام عمودی لکیریں عمودا رہتی ہے۔ جبکہ افقی لکیریں 30 درجے کے زاویے پر کھینچی جاتی ہے۔ ہم پیائش ڈرائنگ عموماً ڈرائنگ کے آلات کی مدد سے کی جاتی ہے تاکہ درست پیائش ہوسکے۔

Scanned with CamScanner

س۱۹: اختتامی نقطہ کیا ہوتا ہے؟

جواب: وینشنگ پوائنٹ (Vanishing Point):

یہ وہ پوائنٹ ہوتا ہے جہاں پر کسی جسم کی اصل لمبائی چوڑائی اور اونچائی وغیرہ ختم ہو جاتی ہے۔

س۲۰: تناظری ڈرائنگ کیا ہے؟

جواب: پرسپیکٹیو Perspective:

یہ جسم کا اصل منظر ظاہر کرتا ہے۔ اس منظر کو انسان اپنی آنکھوں اور کیمرہ اپنی نظر سے دیکھتا ہے۔ اس میں فوٹوگرافی کی طرح دور کی چیز چھوٹی اور نزدیک کی چیز بڑی نظر آتی ہے۔

س۲۱: آرتھوگرافک پروجیکشن کیا ہوتا ہے؟

جواب: آرتھوگرافک پروجیکشن:

یہ رومن لفظ ہے۔ جس کا مطلب عمودی یا 90 درجہ والی لکیر ہے۔ یہ ڈرائنگ کی ایسی شاخ ہے جس میں کسی جسم کی ڈرائنگ تیار کرنے کے لیے متوازی خطوط استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ خطوط پلین کے عمودی ہوتے ہیں۔ اس قسم کی ڈرائنگ میں جسم کی منظر کی اصل شکل موجود ہوتی ہے۔

باب نمبر2:

## ڈرائنگ کے معاونات

## SUPPLEMENT TO DRAWING

س۱: کمپوزیشن کیا ہوتا ہے؟

جواب: ڈیزائن کے اصولوں کے مطابق اشیاء کی مخصوص ترتیب کو کمپوزیشن کہتے ہیں۔

س۲: کمپوزیشن کے چار اصولوں کے نام بتائیں۔

جواب: ۱) توازن ۲) نمایاں کرنا ۳) ہم آہنگی ۴) تضاد یا فرق

س۳: کیا اشکال کا وزن ہوتا ہے؟

جواب: جی ہاں اشکال کا وزن ہوتا ہے اور اس کو بصری توازن کہتے ہیں۔

س۴: تیسرے درجے کے رنگوں سے کیا مراد ہے؟

جواب: تیسرے درجے کے رنگ:

ایک بنیادی رنگ اور ایک ثانوی رنگ کو ملانے سے جو رنگ بنتا ہے اسے تیسرے درجے کا رنگ کہا جاتا ہے۔

س۵: شیڈ بنانے کے لئے ہم کونسے رنگ کا اضافہ کرتے ہیں؟

جواب: شیڈ (Shade):

شیڈ اس رنگ کو کہتے ہیں جس میں سیاہ رنگ ملایا گیا ہو سیاہ رنگ کی مقدار میں کمی بیشی سے بے شمار شیڈ بن سکتے ہیں۔

س۶: ٹینٹ کس طرح بنتا ہے؟

جواب: ہلکا رنگ (Tinto):

جب کسی رنگ میں سفید رنگ ملایا جائے تو اس سے وہ رنگ ہلکا ہوتا ہے جیسے ٹینٹ کہتے ہیں۔ کسی بھی رنگ میں سفید رنگ کی مختلف مقدار ملانے سے مختلف ٹینٹ بن جاتے ہیں۔

س۷: کسی رنگ کے ٹونز بنانے کے لئے کونسا رنگ ملایا جاتا ہے؟

جواب: گہرا رنگ (Tone):

کسی بھی رنگ میں سلیٹی رنگ ملانے سے وہ رنگ گہرا ہو جاتا ہے۔ ایک ہی رنگ میں سلیٹی رنگ کی مختلف مقدار ملانے پر مختلف اقسام کے ٹون بن جاتے ہیں۔

س۸: یک رنگی میلاپ کسے کہتے ہیں؟

جواب: یک رنگی میلاپ:

یک رنگی میلاپ سے مراد ایک ہی رنگ کے مختلف ٹینٹ اور ٹون کا استعمال ہے۔

س۹: کثیر رنگی میلاپ کسے کہتے ہیں؟

جواب: کثیر رنگی میلاپ:

اس میں مختلف رنگوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔

س۱۰: واٹر کلر شیٹ کو کیوں پھیلایا جاتا ہے؟

جواب: واٹر کلر کے پینٹنگ میں بہت سارا پانی استعمال ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے کاغذ میں بل پڑتے ہیں۔ اس سے پینٹنگ خراب ہو سکتی ہے۔ کیوں کہ سارا پینٹ گہری جگہوں میں جمع ہو جاتا ہے۔ جس سے بچنے کے لئے واٹر کلر شیٹ کو مخصوص طریقے سے پہلے پھیلاتے ہیں۔ جس کو سٹریچنگ کہتے ہیں۔

س۱۱: (Thirsty Brush) کیا ہوتا ہے؟

جواب: جب رنگ وغیرہ کا کام ختم ہو جاتا ہے تو پانی کی مدد سے برش کو صاف کیا جاتا ہے۔ اور برش سے سارا پانی نچوڑ لیا جاتا ہے اس کو Thirsty Brush کہتے ہیں۔

س۱۲: گیلے پر گیلا سے کیا مراد ہے؟

جواب: گیلی سطح پر پینٹنگ:

اس طریقے میں کاغذ یا چارٹ کو ڈرائنگ بنانے سے پہلے کسی بڑے برش یا سفنج کے ذریعے گیلا کر دیتے ہیں۔ پھر خشک ہونے سے پہلے اس پر گاڑھے رنگ سے پینٹنگ بناتے ہیں۔

س۱۳: چھینٹے لگانا کیا ہوتا ہے؟

جواب: اس طریقے میں کسی سطح یا کاغذ پر ٹوتھ برش کے ذریعے رنگ کے چھینٹے لگائے جاتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے ہمیشہ گاڑھا رنگ استعمال کریں۔

س۱۴: ہموار سطح پر دو جہتی شکل (2D) سہ جہتی شکل (3D) کیسے دکھائی جا سکتی ہے؟

جواب: شیڈ رنگ کے ذریعے ہم دو جہتی (2D) شکل کو سہ جہتی (3D) شکل کے طور پر دکھا سکتے ہیں۔

س۱۵: چار خانو سے کیا مراد ہے؟

جواب: لکیروں کے ذریعے کسی ڈرائنگ میں شیڈ کرنے کو چار خانو کا طریقہ کہتے ہیں۔

س۱۶: ٹیکسچر کسے کہتے ہیں؟

جواب: کھردرا پن (Texture):

کسی جسم کی سطح کی وہ خصوصیات جو چھونے سے محسوس کی جاسکتی ہو

Ali Infoz 03101190027

Scanned with CamScanner

اسے کھردرا پن کہتے ہیں۔ مثلاً کہ اگر آپ بند آنکھوں سے مختلف چیزوں کو ہاتھ سے چھولیں تو آپ بتا سکتے ہیں کہ ان کی ساخت یا بناوٹ کیسی ہے؟

س ۱۷: لامس ٹیکسچر کیا ہے؟
جواب: وہ ٹیکسچر جو چھونے (لمس) سے محسوس کی جا سکتی ہے۔ لامس کہلاتی ہے۔ اسے حقیقی ٹیکسچر بھی کہتے ہیں۔ Tactile Texture

س ۱۸: بصری ٹیکسچر کیا ہے؟
جواب: بصری ٹیکسچر کو صرف آنکھ سے دیکھا جا سکتا ہے۔ اس کو لمس سے محسوس نہیں کیا جا سکتا۔

س ۱۹: ڈرائنگ میں ٹیکسچر کا کیا کردار ہے؟
جواب: ڈرائنگ میں ٹیکسچر کی بہت زیادہ اہمیت ہے۔ بہت سے فنکاروں اور مصوروں نے ٹیکسچر کو بطور بنیادی عنصر کے اپنے شاہکاروں میں نمایاں کیا ہے۔ تخلیقی اور تصوراتی آرٹ میں اس کی بہت اہمیت ہے۔

باب نمبر 3:

## ڈرائنگ کا اطلاق

س ۱: ٹریسنگ کسے کہتے ہیں؟
جواب: خاکہ اُتارنا (Tracing):
کاغذ یا چارٹ وغیرہ پر کسی دوسری کاغذ سے کوئی ڈرائنگ یا ڈیزائن منتقل کرنے کو خاکہ یا ٹریسنگ کہتے ہیں۔

س ۲: سٹینسل کیا ہے؟
جواب: سٹینسل کو تقریباً ہر سطح یا کاغذ وغیرہ پر پرنٹنگ کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کا مقصد کسی بھی ڈیزائن وغیرہ کا تکرار یعنی اگر ایک ہی ڈیزائن کو بار بار بنانا مقصود ہو تو اس کے لئے سٹینسل بنانا لازمی ہے۔ اس طریقے سے وقت کی بچت ہوتی ہے۔

س ۳: ایک سٹینسل سے ہم کتنے فرنٹ حاصل کر سکتے ہیں؟
جواب: جب ایک دفعہ سٹینسل بن جائے تو اس کے خراب ہونے تک ہم اس سے لاتعداد پرنٹ لے سکتے ہیں۔

س ۴: منفی سٹینسل سے کیا مراد ہے؟
جواب: جب ہم کسی عکس کی مثبت رقبہ کی بجائے منفی رقبہ کو پینٹ کریں تو یہ منفی سٹینسل کہلاتا ہے۔

س ۵: مماثل الاضلاع مثلث کسے کہتے ہیں؟
جواب: وہ مثلث جس کی تینوں اضلاع کی لمبائی ایک جیسی ہو۔ مماثل الاضلاع مثلث کہلاتی ہے۔

باب نمبر 4:

## مشاہدہ کرنا اور اُسے حقیقت میں لانا

س ۱: وتری لکیریں کیا ہے؟
جواب: ترچھی لکیروں کو وتری لکیریں کہتے ہیں۔

س ۲: عمودی لکیر اور وتری لکیر میں سے کونسی لکیر صحیح زاویے پر کھینچنا مشکل ہے؟
جواب: وتری لکیروں کو صحیح زاویوں پر کھینچنا مشکل ہے۔

س ۳: کون سے چیز سے ڈرائنگ کرنا مشکل ہے تصویر سے یا ماڈل سے؟
جواب: ماڈل سے ڈرائنگ بنانا مشکل ہے اور تصویر سے ڈرائنگ بنانا ماڈل کی نسبت آسان ہے۔ کیونکہ تصویر میں بنائی گئی چیزوں کی مقداریں اور رنگ یا شیڈ وغیرہ سے ظاہر ہوتی ہے۔ جبکہ ماڈل سے بنانے میں مقداریں مقرر کرنا وغیرہ مشکل کام ہے۔

س ۴: سٹل لائف پر کون سی سمت سے روشنی پڑنی چاہیے؟
جواب: روشنی دائیں یا بائیں طرف سے اوپر سے روشنی پڑنی چاہیے۔

س ۵: ابتداء میں ہم ہلکا خاکہ کیوں کھینچتے ہیں؟
جواب: اس طریقے سے ڈرائنگ کرنا زیادہ آسان اور آرام دہ ہے۔ اور ڈرائنگ میں جو غلطیاں ہوتی ہیں وہ آسانی سے نکل جاتی ہیں۔

س ۶: سٹل لائف کا سکیچ کرتے وقت ہمیں کن باتوں کو خصوصی توجہ دینی چاہیے؟
جواب: سٹل لائف کا سکیچ کرتے وقت روشنی کی سمت اور چیزوں کے سایوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

س ۷: کاسٹ شیڈو کیا ہے؟
جواب: کسی بھی چیز کا گہرا تاریک سایہ کاسٹ شیڈو کہلاتا ہے۔

س ۸: منعکس روشنی کسے کہتے ہیں؟
جواب: کسی بھی چیز کا وہ حصہ جس سے روشنی ٹکرا کر واپس آئے منعکس روشنی کہلاتی ہے۔

Ali Infoz 03101190027

Scanned with CamScanner